
# ۲۱ خط

۳۵۲، اسلام پورہ، انصار روڈ،
مالیگاؤں-۴۲۳۲۰۳، ضلع ناشک
تاریخ : ۱۰؍جنوری ۲۰۱۴ء

پیاری نجمہ!

السّلامُ علیکُم

تمھارا خط مل گیا تھا۔ جواب دینے میں دیر اس لیے ہوئی کہ اُن دنوں ہمارے امتحانات چل رہے تھے۔ اتفاق دیکھو، جوں ہی امتحانات ختم ہوئے ہمارے شہر میں کل ہند کتاب میلہ شروع ہوگیا۔ اس میلے میں ملک بھر سے کتب فروش آئے تھے۔ یہاں مذہبی، علمی اور ادبی ہر قسم کی کتابیں دستیاب تھیں۔ کتابوں کے شوقین بڑے بوڑھے اور بچے سب اپنی اپنی پسند کی کتابیں خریدنے کے لیے ہجوم کررہے تھے۔ شہر ہی نہیں بلکہ شہر کے اطراف سے بھی لوگ جوق در جوق آرہے تھے اور کتابیں خرید رہے تھے۔ ایک طرف چائے ناشتے کی دکانیں بھی لگی تھیں۔ کتابیں خریدنے کے بعد لوگ چائے ناشتے کا بھی مزہ لے رہے تھے۔ اس کتاب میلے میں شہر کے اسکولوں کے بچوں نے طرح طرح کے ثقافتی





پروگرام پیش کیے۔ ایک طرف نظم خوانی کا مقابلہ ہورہا تھا تو دوسری طرف بچے ڈراما پیش کررہے تھے۔ پہلے دِن شہر میں اسکول کے بچوں کا جلوس نکالا گیا۔ اس جلوس میں اُردو زبان کے بڑے شاعر اور ادیب بھی شامل تھے۔ بس سمجھ لو پورے شہر میں جشن کا سا ماحول تھا۔

خوشی کی بات یہ ہے کہ اس میلے میں عورتوں اور بچوں نے بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔ کتابوں کی ہر دکان پر بچوں کی کتابوں کا اچھا خاصا ذخیرہ تھا۔ بچوں نے کہانیوں اور نظموں کی کتابیں خوب خریدیں۔ میلے کی تفصیلات تو بہت ہیں جن کی خبریں اور تصویریں ملک بھر کے اخباروں میں شائع ہوئیں۔ مختصر طور پر یوں سمجھ لو کہ شہر مالیگاؤں کا یہ کتاب میلہ ایک مثالی میلہ تھا جس کی پورے ملک میں تعریف کی گئی۔



ایک اندازے کے مطابق اس میلے میں پچھلے تمام میلوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ کتابیں فروخت ہوئیں۔ میں نے بھی کہانیوں کی چند کتابیں خریدیں۔ تعلیمی سی ڈی بھی خریدیں جن سے مختلف مضامین کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔ تمھیں کتابوں کے علاوہ پکوان کا بھی شوق ہے نا.... میں نے تمھارے لیے بھی پکوان کی ایک کتاب خریدی ہے۔ گرمی کی چھٹّیوں میں جب تم یہاں آؤ گی تو ہم دونوں مل کر خوب کتابیں پڑھیں گے۔ پکوان کی کتاب سے دیکھ دیکھ کر ہم اچھے اچھے پکوان بھی پکائیں گے۔ بڑا مزہ آئے گا۔ فی الحال اتنا ہی۔

ماموں جان اور ممانی جان کو سلام۔ تمھیں ڈھیر سارا پیار۔

تمھاری پیاری بہن اور سہیلی

**نیلوفر**

(ادارہ)

مصروف ہونا - کام میں لگنا
کتب فروش - کتابیں بیچنے والا
دستیاب ہونا - موجود ہونا، ملنا، پایا جانا
ثقافتی پروگرام - تہذیبی پروگرام
جشن - خوشی، خوشی کا دن، خوشی کا جلسہ
ذخیرہ - ڈھیر
تفصیلات - تفصیل کی جمع، کسی بات کو کھول کر بیان کرنا
مثالی - نمونہ کا، جس کی مثال دی جائے

## مشق

### ایک جملے میں جواب لکھیے :

۱۔ یہ خط کس نے کس کو لکھا؟
۲۔ کتاب میلہ کس شہر میں لگا تھا؟
۳۔ کن کن لوگوں نے کتابیں خریدیں؟
۴۔ جلوس میں کون کون شامل تھے؟
۵۔ میلے میں کس قسم کی کتابیں دستیاب تھیں؟

### مختصر جواب لکھیے :

۱۔ نیلوفر کو جواب دینے میں دیر کیوں ہوئی؟
۲۔ شہر کے بچّوں نے کتاب میلے میں کس طرح حصّہ لیا؟
۳۔ مالیگاؤں کتاب میلے کو 'مثالی میلہ' کیوں کہا گیا ہے؟

### سرگرمی :

آپ کسی کتاب میلے میں گئے ہوں گے۔ دس جملوں میں اُس کی تفصیل لکھیے۔
اپنے اسکول یا شہر کی لائبریری میں جا کر دس کتابوں کے نام لکھ کر لائیے۔